کون بھاری ہے؟

گڑ اور مونگ پھلی

شبنم کو گڑ اور مونگ پھلی کھانا بہت اچھا لگتا تھا۔ ایک دن اس نے ایک کلوگرام گڑ اور ایک کلوگرام مونگ پھلیاں خریدیں۔ (آپ جانتے ہیں کہ کلوگرام کو کلو بھی لکھتے ہیں۔)

* کیا واقعی مونگ پھلیاں گڑ سے وزن میں زیادہ ہیں یا صرف زیادہ نظر آ رہی ہیں۔

(1) 1 کلوگرام مکا کی کھیلیں (پوپ کارن) یا 1 کلوگرام شکر؟

(2) 1 کلوگرام مٹر یا 1 کلوگرام آلو؟

بازار جایئے اور دیکھیے کہ آپ کا اندازہ کتنا درست ہے۔

کدو اور ٹماٹر کا پنگا

یہ کھیل کا ایک میدان ہے جہاں روزانہ ٹماٹر کھیلنے آتے ہیں ۔ ان کو سی ۔ سا جھولے پر کھیلنا بہت اچھا لگتا ہے ۔ ایک دن جب وہ کھیل رہے تھے تو ایک بڑا سا کدو آیا اور سی ۔ سا کے ایک کنارے پر بیٹھ گیا ۔ جب وہ بہت دیر تک نہیں اٹھا تو ٹماٹروں نے مل کر طے کیا کہ ہم دوسری طرف بیٹھ جاتے ہیں اور کدو کو اوپر اٹھاتے ہیں تا کہ وہ گر جائے ۔

چھوٹے ٹماٹروں نے کود کود کر دوسری طرف بیٹھنا شروع کر دیا ۔ 1,2,3,4,5......25

ارے ! کدو تو ابھی تک دوسری طرف بیٹھا ہوا ہنس رہا ہے ۔

اب بڑے ٹماٹروں نے سوچا چھوٹے ٹماٹروں کی مدد کرنی چاہیے ۔ چھوٹے ٹماٹر نیچے اتر آئے اور بڑے ٹماٹروں کے لیے جگہ خالی کر دی ۔

1,2,3,4,5....20

واہ ! کدو تو اوپر ہوا میں ہو گیا ۔ وہ چیخا مجھے نیچے اتارو ۔ مجھے نیچے اتارو ۔

عام بول چال کی زبان میں 'پنگا' لفظ کسی جھگڑے یا مصیبت کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۔ اس لفظ کو جان بوجھ کر اس لئے رکھا گیا ہے کیونکہ کچھ ایسے الفاظ کو بولنے میں بچوں کو مزا آتا ہے ۔

* آپ کے حساب سے کتنے چھوٹے ٹماٹر مل کر کدو کو اوپر اٹھا پائیں گے؟

- دس
- بیس
- چالیس

* کتنے بڑے آم مل کر کدّو کے برابر ہو سکتے ہیں؟

* سی۔سا پر کتنے کدو مل کر آپ کے برابر ہو سکتے ہیں؟
* اپنی کلاس کے کچھ ایسے بچوں کے نام بتایئے جن کے لیے آپ سمجھتے ہوں کہ ان کا وزن

(a) تقریباً آپ کے برابر ہے۔

____

(b) آپ سے زیادہ ہے۔

____

(c) آپ سے کم ہے۔

____

* آپ اپنے ایک ہاتھ کو سیدھا رکھتے ہوئے اس سے کتنی کتابیں اٹھا سکتے ہیں؟

اس کے وزن کا دوگنا

گنجن کے ماں باپ یوم آزادی کو بالکل الگ انداز سے مناتے ہیں کیونکہ گنجن اسی دن پیدا ہوئی تھی۔ اس لیے وہ گنجن کے وزن سے دوگنی مٹھائی خرید کر غریبوں میں بانٹتے ہیں۔

جب گنجن پیدا ہوئی تو اس کا وزن 3 کلوگرام تھا۔ آج یوم آزادی ہے اور گنجن 5 سال کی ہوگئی ہے۔ اس کا وزن اب

28 کلوگرام ہے۔

اب اندازہ لگائیے کہ اس کے ماں باپ ہر یوم آزادی پر کتنے کلوگرام مٹھائیاں بانٹتے ہیں۔

گنجن کی عمر	گنجن کا وزن	مٹھائی کی مقدار
پیدائش کے وقت	3 کلوگرام	$2 \times 3 = 6$ کلوگرام
ایک سال	9 کلوگرام	________
دو سال	________	$2 \times 13 = 26$ کلوگرام
تین سال	17 کلوگرام	________
چار سال	________	________
پانچ سال	28 کلو	________

اپنے والدین سے پوچھیے کہ 2 سال یا 4 سال کے بچے کا کتنا وزن ہوتا ہے؟

یم۔یم چاول

شگوتو نے ریڈیو پر ایک نئے طرح کے پکوان کے بارے میں سنا۔ وہ اس کو بنانا چاہتا ہے۔ جب اس نے اس چیز کے بنانے کا طریقہ لکھنا چاہا تب وہ چکر میں پڑ گیا۔ اس نے جو کچھ لکھا وہ کچھ اس طرح تھا۔

(1) کوکر میں 2 چمچ پانی ڈالیے

(2) پانی کو ابالیے اور اس میں ڈالیے

– چٹکی بھر دال

– آدھا کلوگرام لال پسی مرچ

– 1 پیالہ نمک

(3) اب ایک چمچ چاول ڈالیے

(4) 2 مٹر اور 8 گلاس سرسوں کے دانے ڈالیے

(5) آخر میں 1 کلو پیاز ڈالیے

سب کو ملائیے اور 15 منٹ تک ابالیے

لیکن شگوتو کو محسوس ہو رہا تھا کہ ہر چیز کی مقدار بہت زیادہ گڑبڑ ہے۔!!!

* اس کی مدد کیجیے تاکہ کھچڑی بنانے کے لیے وہ چیزوں کی صحیح مقدار ملا سکے۔

چاول	1 کلوگرام
دال	آدھا کلوگرام
مٹر	______
پانی	______
پیاز	______
نمک	______
سرسوں کے دانے	______
لال پسی مرچ	______

سرگرمی کا وقت

A. آپ کے گھر میں جو چیزیں بازار سے خرید کرلائی جاتی ہیں ان کی ایک فہرست بنائیے۔ معلوم کیجیے کہ ہر چیز کی کتنی مقدار ایک بار میں خریدی جاتی ہے۔ یہ چیزیں چاول، تیل، پسی مرچ، چینی، دودھ، پیاز، ادرک، وغیرہ ہوسکتی ہیں۔

چیزوں کے نام	کتنی مقدار میں خریدی جاسکتی ہیں

B. درج ذیل چیزوں کا اندازہ لگایئے اور ملان کیجئے۔

C.

اندازہ لگایئے کہ درج ذیل میں کون سی چیز کا وزن 1 کلوگرام سے زیادہ ہے؟ اور کون سی چیز کا وزن 1 کلوگرام سے کم ہے؟

(i) آپ کے اسکول کا بستہ

(ii) جیومیٹری باکس

(iii) ایک اینٹ

(iv) ایک بڑا کدو

(v) آپ کی چپل

اپنی کلاس میں 1 کلو کا باٹ اور ترازو لے جایئے۔ تول کر دیکھیے کہ کیا آپ کا اندازہ درست ہے؟

D. ترازو کے استعمال سے معلوم کیجیے کہ درج ذیل میں سے کون سی چیز زیادہ بھاری ہے۔

(i) پانی کی ایک بوتل یا ایک کرکٹ کی بال

(ii) آپ کے جوتے یا پنسل باکس

(iii) آپ کی ریاضی کی کتاب یا ہندی کی کتاب

(iv) آپ کا بستہ یا آپ کے دوست کا بستہ

* ایک کلو مٹی یا ریت تو لیے۔ اس کو دو برابر حصوں میں بانٹ کر دو تھیلوں میں بھریئے۔ ترازو سے تول کر دیکھیے کہ کیا دونوں تھیلوں کا وزن برابر ہے۔

ہر مٹی کی تھیلی میں آدھا کلوگرام وزن ہے۔ اس کا استعمال کر کے اپنے اردگرد کی اور دوسری چیزوں کا وزن کیجیے۔

* ایک فہرست بنایئے۔

(i) آدھا کلوگرام سے کم وزن والی چیزوں کی۔

(ii) آدھا کلوگرام سے زیادہ وزن والی چیزوں کی۔

الگ الگ سرگرمیوں سے بچوں کو ان چیزوں کے وزن کا اندازہ لگانے میں مدد ملے گی جنھیں کہ وہ اپنے گھر یا کرائے کی دوکان پر دیکھتے ہیں۔ جانوروں کے وزن کا اندازہ لگانا ایک دلچسپ سرگرمی ہو سکتی ہے جس سے کہ انہیں زیادہ بھاری چیزوں کا بھی احساس ہوگا۔ استاد کلاس میں ایک ترازو ضرور لے کر آئے اور سبھی بچوں کو خود تول کر دیکھنے کا موقع دے۔

باٹ اور ترازو کو دیکھیے

اپنے گھر کے قریبی سبزی والے، کباڑی والے اور پرچون والے کی دوکان پر ہو کر آئیے۔ دھیان سے دیکھئے کہ وہ کسی طرح کے باٹ کا استعمال کرتے ہیں۔ پتہ لگائیے۔

(i) کون سب سے بڑے باٹ کا استعمال کرتا ہے؟

(ii) کون سب سے چھوٹے باٹ کا استعمال کرتا ہے؟

کیا آپ نے کبھی ایسے ترازو دیکھے ہیں؟

درج ذیل قسم کے باٹ آپ نے کون سی دوکان میں دیکھے ہیں۔